لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۰ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ جمادی الاول ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۱ مارچ ۱۹۱۸ء | جلد ۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بیشی محصول چنگی بخیال اضافہ آمدنی	۱ و ۲
۲	نصف فیس امتحان شہسواریان [illegible] قبول ہوگا	۲ و ۳
۳	تقرر ڈاکٹر خیرالدین صاحب پنجابی	۳
۴	مستعفی سید رشید حسن صاحب [illegible]	〃
۵	تقرر محمد داؤد صاحب	〃
۶	ترمیم دفعہ بقواعد شہسواریان	〃
۷	ممانعت ارسال درخواست التوائے قسط [illegible]	〃
۸	اجازت وکالت حسب منظوری قاضی نذر حسین صاحب وکیل	۳
۹	رخصت صاحب افسر کارخانہ جات	〃
۱۰	تقرر [illegible]	

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ فروری ۱۹۱۸ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض

جناب عالی

آمدنی چنگی میں اضافہ ہونے کے خیال سے محصول بڑھا دیا گیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ میرسامان

چنگی کی رپورٹ ہو کہ میونسپل منول قاعدہ (۲۹) الف مین یہ عبارت بڑہائی گئی ہو کہ محصول چنگی واجب الادا کا حساب لگانے مین پورے پیسہ کا حساب لگایا جائیگا - اور پیسہ کی کوئی کسر آئندہ سے طلب نہ کیجائیگی چنگی ذریعہ حساب ہوگی - مثلاً محصول چنگی ۲ یا ۴ پائی ہوتا ہو تو دونون صورتون مین ایک پیسہ لیا جائیگا - اور اگر محصول چنگی ۵ یا ۷ پائی ہوتا ہو تو دو پیسہ لینا چاہئین - اس بارہ مین ممبرصاحبان بورڈ آف آڈٹ سے رائے طلب کی گئی - ممبران بورڈ آف آڈٹ کی رائے مفصل شامل ہو ذریعہ میونسپل افسر صاحب سپرنٹنڈنٹ چنگی سے مفصل فہرست اشیاء لائق اخذ محصول چنگی طلب کی گئی وہ فہرست ہمرشتہ ہو - فہرست کے ملاحظہ سے واضح رائے عالی ہوگا کہ پہلے محصول چنگی کیا مقرر تہا اور اب کسقدر زیادتی کی گئی ہو - جن اشیا پر پہلے محصول بشرح ۳ پائی مقرر تہا اُنپر ۵ پائی اور جنپر ۶ پائی مقرر تہا اُنپر ۸ پائی محصول لیا جاتا ہے - مادے پر پہلے محصول نہین تہا اور نہ کوئی اسکی آڑت ہی مادے پر بشرح فی روپیہ ۵ پائی محصول لیا جاتا ہو - یہ ایک تجارتی شے ہے از روے قانون جس شے پر محصول ہو اُسپر محصول واجب ہونا چاہئے - لکڑی سوختنی کی تجارت کثرت سے ہوتی ہو - لکڑی پر بشرح فی روپیہ ۳ پائی محصول مقرر ہونا چاہئے - اور ذاتی مصارف کی لکڑی محصول سے مستثنے رہنا چاہیے کوئلہ تجارتی مال ہو اسپر بہی محصول باہر جانے پر بشرح ۵ پائی مقرر ہونا چاہیے کس ہول پر بشرح ۳ پائی فی روپیہ محصول کی منظوری اجلاس ہمایون سے سابق مین ہو چکی ہو اس شرط سے کہ اگر حدود میونسپلٹی مین فروخت ہو - چونکہ اسکی تجارت کثرت سے ہو رہی ہو - بشرح فی روپیہ ۵ پائی محصول مقرر ہونا چاہئے - چونکہ شہر مین کس صرف نہین ہوتا ہو - باہر جانے پر محصول واجب مقرر ہونا چاہئے - لہذا یہ عرضداشت بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایون مین پیش کیجاتی ہو - دولت واقبال جاوید باد

فہرست اشیا لائق اخذ محصول جدید ریاست رامپور

نمبر	نام قسم	شرح سابق	شرح حال	کیفیت
۱	بزازخانہ	۳/	۵/	
۲	بساط خانہ	"	"	
۳	کباڑ	"	"	
۴	فلزات	"	"	
۵	روغنیات وعرقیات	۶/	۸/	
۶	تمباکو	"	"	
۷	کرانہ پنسیری وعطاری	"	"	
۸	ترکاری میوہ	"	"	پیداوار انگریزی -
۹	شکر ولایتی	فی من	فی من	
۱۰	مٹی کا تیل	فی پیسہ	بشرح بازار	
۱۱	جواہرات	۶/	.	از روے قانون محصول لینا چاہئے - مگر جب چنگی قائم ہوئی ہو بموجب حکم عالیجناب نواب [illegible] محصول نہین لیا جاتا ہو -

نمبر	نام قسم	محصول جدید	کیفیت
۱	مادہ	۵/	مادہ ایک تجارتی چیز ہو اور ریاست مین اسکی کوئی آڑت نہین ہو قانوناً جس چیز پر محصول ہو محصول لینا چاہئے - لہذا بشرح ۵/ فی روپیہ محصول لیا جاتا ہو -
۲	لکڑی سوختنی	۳/	لکڑی سوختنی کی تجارت کثرت سے ہوتی ہو - تجارتی لکڑی پر بشرح ۳/ فی روپیہ محصول مقرر کردیا ہو اور ذاتی صرف پر محصول معاف کردیا گیا ہو -
۳	کوئلہ	۵/	کوئلہ پر محصول باہر جانے پر لیا جاتا ہو تجارتی مال ہے
۴	کس ہول	۵/	منظوری کس ہول پر بشرح ۳/ فی روپیہ اجلاس ہمایون سے ہو چکی ہو جو اندر میونسپلٹی اگر فروخت ہو - چونکہ اسکی تجارت کثرت سے ہوتی ہو اسوقت مین بشرح ۵/ فی روپیہ لیا جاتا ہو باہر جانے پر - شہر مین کس صرف نہین ہوتا -

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہو - کاغذات بنابر کارروائی واپس ہون

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ظلہم

پٹواریان کے امتحان مین جو لوگ پرائیوٹ طور پر شریک ہوتے ہین اُنسے بموجب دفعہ ۴۵ دستور العمل پٹواریان بیس روپیہ فیس شرکت امتحان لیجاتی ہے لیکن دستور العمل مذکور مین امور مستذکرہ آئندہ کی صراحت نہین ہے جسکی بابت صاحب مہتمم بندوبست نے اپنی رائے رپورٹ مین ظاہر کرکے منظوری چاہی ہے۔

۱ — جب کوئی شخص چند مضامین مین پاس ہو تو بقیہ مضامین مین امتحان دینے کو داخلہ کیواسطے کیا فیس ہوگی۔

۲ — پٹواریان پاس یافتہ علاقہ غیر جو صرف قواعد ریاست مین امتحان دینگے انکی کیا فیس ہوگی۔

صاحب مہتمم بندوبست کی رپورٹ ۱۰ دسمبر ۱۹۱۷ء مین موجود ہے۔ بابت ترمیم خواہ دفعہ ۴۵ دستور العمل مین کسقدر سختی ہو اگر بصورت ذیل منظوری فرمائی جائے تو وہ سختی جاتی رہیگی۔

جب کوئی نصف مضامین یا نصف سے کم مین فیل ہو تو بقیہ مضامین کے داخلہ امتحان کیواسطے دس روپیہ فیس لیجائے۔ اور اس سے زائد مین پوری بیس روپیہ فیس داخلہ ہونا چاہئے۔ اور پٹواریان پاس یافتہ مدرسہ غیر سے نصف فیس دس روپیہ لیجائے۔ لہذا جملہ کاغذات برائے صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہین۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

تقرر

۲۵ فروری ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر تقرری ڈاکٹر خیر الدین پنجابی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار ۱۳ فروری سنہ حال سے بجائے ڈاکٹر امداد حسین خان ہاسپٹل اسسٹنٹ فی الحال بلا الاونس شفاخانہ سفری مین منظور فرمایا گیا۔ اور پندرہ روپیہ ماہوار الاونس موہن لال ہیڈ ڈاکٹر کا بوجہ تبدیل ہو جانے شفاخانہ بلاسپور ۱۳ فروری سے

مسترد ہوا۔

مستقلی

۲۵ فروری ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر سید رشید حسن سب اوورسیر میونسپلٹی مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کا استقلال تاریخ ختم مدت امتحانی سہ ماہہ سے بوجہ حسن کارگذاری منظور فرمایا گیا۔

تقرر

۲۷ فروری ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت میر منشی اجلاس ہمایون محمد داؤد کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار یکم مارچ ۱۹۱۸ء سے بوجہ کثرت کار فی الحال صیغہ امدادی اجلاس ہمایون منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ترمیم دفعہ ۶۵

۲۶ فروری ۱۹۱۸ء

حسب منشا حکم منظوری اجلاس ہمایون ترمیم دفعہ ۶۵ قواعد پٹواریان صرف اسقدر کیجائے (۱۵ جنوری کے ۱۵ دسمبر سے پڑتال شروع کیجائے اور اوائل فروری مین پٹواری اپنی پڑتال ربیع سے فارغ ہو جائے) احکام جاری ہوئے۔

ممانعت

۹ فروری ۱۹۱۸ء

آئندہ مستاجران التوائے قسط کی درخواست ڈاک مین بھیجنے کے مجاز نہونگے اور اگر بھیجین گے تو چاک کردی جائیگی اور اسپر کوئی لحاظ نہوگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اجازت

۵ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء

بر بناء درخواست و حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی و صاحب ڈسٹرکٹ سشن جج بہادر قاضی نذر حسین وکیل کو قبل از انفصال بقیہ مقدمات متعلقہ سماعتی دیگر اجازت وکالت بدستور دی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون رخصت نو یوم منشی ہردیو پرشاد صاحب افسر کارخانہ جات کی بوجہ شادی دختر منظور ہوئی اور کارگزاری منشی حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانجات منظور ہوئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا